اے۔وی۔ایم پروڈکشن کا مایہ ناز شاہکار 72

लड़की

yes

لڑکی

کہانی ونگانے

v. Good

اداکاران

بھارت بھوشن۔ ادم
وجنتی مالا وغیرہ

قیمت ار

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

خفر کیانی جیوتی، ٹھری ذات کا جھگڑا انسان کا اپنا پیدا کیا بکھیڑا
بنگلور کے بابو موتی لال نے اپنی جوانی میں سماج سدھار کا ایسا کام
جسکا خمیازہ انکی لڑکی کامنی تک کو بھگتنا پڑا۔ موتی لال کو یقین تھا کہ
جو انکا رشتہ دار بھی تھا۔ اور کامنی کی ماں مرتے وقت کامنی کا ہاتھ سندر
ہاتھ میں دینے کو کہہ گئی تھی۔ اور جو کہ اسوقت برما میں تھا۔ انکی اس
مشکل کو آسان کریگا۔ آگے کیا ہوا پردہ پر دیکھئے۔

لڑکی کے گانے

میں ہوں بھارت کی نار۔ لڑنے مرنے کو تیار
مجھے سمجھو نا کمزور۔ لوگو سمجھو نا کمزور
دیش کی ہوں سنتان کہ جس کا نام ہے ہندوستان
ہے سندر بڑی بے زور، لوگو سمجھو نا کمزور
بلی بن کر دکھلو۔ میں بھالا بن کر چمکوں
ہے جو میرے پیر۔ ماروں کھینچ کے ایسی تیر
کلیجوا پار۔ لڑنے مرنے کو تیار ... مجھے سمجھو نا
کی میں ہوں کھلاڑی کرتی ہوں کھیتی باڑی
تلوار گھماؤں دفتر میں قلم چلاؤں
دیکھوں سب گھر بار لڑنے مرنے کو تیار ... مجھے سمجھو نا
جھانسی کی شمشیر۔ میں ہوں ارجن کا تیر
سیتا کا بردان۔ دے سکتی ہوں بلیدان
بھیم کی ہوں جھنکار لڑنے مرنے کو تیار ... مجھے سمجھو نا

نمبر ۲۔ رانی اور کامنی

رانی:۔ من مور مچاوے شور۔ گھٹا گھنگھور چھائی گھِر گھِر کے
میری سکھی بتا تیرے دل میں یہ کس کی یاد آئی گھِر گھِر کے
کامنی:۔ ریت پوچھے مجھ سے بات۔ جیا مورا کیوں ڈولے
میری انکھیوں میں انکھیاں ڈال کے تک یہ کیا بولے
میرے دلیہ نہیں میرا زور گھٹا گھنگھور چھائی گھِر گھِر کے۔ من مور۔۔
رانی:۔ تیری انکھیاں کہے یہ بات کہوں تیرے نین لگے
تیرے بوجھل بوجھل نیناں سگری رات جگے
سکھی کون ہے تیرا چھور من مور مچاوے شور

نمبر ۳۔ بھکھاری

انسان جو رہتا ہے تو رونا ہی رہے گا
بھگوان تو آکاش پہ سوتا ہی رہے گا
چھوٹے بھی بڑے بھی سبھی بھگوان کے بیٹے
پھر کس نے بنائے ہیں یہ تقدیر کے سیٹے
کیوں یہ کہیں پھول کہیں پاؤں میں کانٹے
بھگوان نے کس ریت سے انسان ہیں بانٹے
دنیا میں یہ انیائے تو ہوتا ہی رہے گا۔۔۔ انسان
دنیا میں اگر چھوٹی بڑی ذات نہ ہوتی
محلوں میں یہ دن کٹیوں میں یہ رات نہ ہوتی
اک باپ کی اولاد میں یہ فرق نہ ہوتا
یوں خون میں انسان کبھی غرق نہ ہوتا

ہوتا ہی چلا آتا ہے ہونا ہی رہے گا۔۔۔ انسان

نمبر ۴ تھیٹر میں

لڑکی:۔ توڑ کے دنیا کی دیوار بلموا کرے مجھ سے پیار۔ جو ہوگا دیکھا جائیگا

لڑکا:۔ سیخیاں بیٹا کرے چار۔ محبت ہو جائے اک بار۔ جو ہو گا۔۔۔۔

لڑکی:۔ دل مانگے تیری پریت۔ ہوئے بھولا بن جا میرا میت

میں کتنی گلیاں کر کے پار۔ آئی تورے دوار۔ جو ہو گا۔۔۔۔۔

لڑکا:۔ تم کھڑی ہو مجھ سے دور۔ نہیں یہ بات مجھے منظور

چلے جو چلتا ہے سنسار۔ آبن جا میرے گلے کا ہار۔ جو ہو گا۔۔۔۔

لڑکی:۔ لو آج گیا ہے مل او تیرے دل سے میرا دل

دونوں:۔ محبت کا پہلا اقرار کیا ہے پہلی پہلی بار۔ جو ہو گا۔۔۔۔

نمبر ۵ رائی

میرے وطن سے اچھا کوئی وطن نہیں ہے۔ سارے جہاں میں ایسا کوئی رتن نہیں ہے

اس دیش جیسی گنگا جمنا کہیں نہ ہوگی۔ دیدو نیے خوبصورت رچنا کہیں نہ ہوگی

دنیا میں اس دھرتی ایسا گگن نہیں ہے۔ میرے وطن سے۔۔۔۔

یہ رام کرشن گوتم نانک گرو کی بستی۔ پیدا یہیں ہوئی تھی گاندھی کی نیک ہستی

کسی اور دیس کی تو ایسی پھبن نہیں ہے۔ میرے وطن سے۔۔۔۔

اس سرزمین پہ آئے گنوان جیسے کیسے

کبھی کالی داس جیسے کبھی تان سین جیسے

مجھے ناز ہے وطن پر جھوٹی لگن نہیں ہے۔ میرے وطن سے۔۔۔

نمبر ۶ کشور کمار

شادی شادی شادی

قسمت کی بات ہے مالک کے ہاتھ ہے
قسمت کی بات ہے مالک کے ہاتھ۔ جیون کے ساتھ
سنتا ہے سب کی جگ کا وہ داتا
شادی کرانے میں اس کا کیا جاتا
دنیا میں دیکھو قدم قدم پر کوئی نہ کوئی برات ہے۔ قسمت کی بات ہے۔
گوری گوری کالی کالی۔ پتلی کمر والی اتی بلی۔ خالی پیلی
پیاری پیاری انکھیوں والی۔ شادی.....
مالکن نے چاہا تو اپنی بھی ہو گی جیسی بھی ہو گی اچھی ہو گی
بھلا یا گھلا۔ املا یا رملا
صورت ہو بھالی یا بجرے والی۔ گاؤں کی گوری نٹ کھٹ چھوری
ہاتھوں میں کنگن کان میں بالی
کرموں کا کھیل جیون کا ساتھ مالک کے ہاتھ ہے۔ شادی....
ہیشہ کامنی
باٹ چلت نئی چنری رنگ ڈاری ایسو ہے بیدردی بنواری
ایسو ہے نڈر ہیری برج کا گوالا بیچ ڈگر چھیڑت متوالا
ہے مورے رام ہے مورے رام ہے مورے رام
ارج نہ جانے موری ارج نہ مانے موری
ایسو ہے بیدردی بنواری۔ باٹ چلت.......
کرت ٹھٹھولی ہے ری نند کا چھورا۔ دیکھ اکیلی ڈارت ڈورا
لاج کی ماری مر جاؤں کیسی کھیلی ہولی
میں تو کچھو نہ بولی۔ ہائے ٹھگوری چولی۔ باٹ چلت....

نمبر ۸ رانی

سجن آجا درس دکھا جا تجھے بھید یاد کیا میرے پیا آجا
دُنیا کے میلے ہم ہیں اکیلے۔ تیرے بن ڈوے جیا لوے پیا آجا

آئی رُت پیری ہری پھولوں بھری تو ہے کہاں
نہ اِدھر ہے نہ اُدھر ڈھونڈ ہے نظر تیرا نشان
چھپکے سے آکے اتنا بتا دے کیوں میرا چین لیا
جا بھی اے ٹھنڈی ہوا لے کے تو آ پی کا پتہ
اِس سے کہنا صنم اچھے بلم لوٹ بھی آ
دِل میرا روئے آنکھ نہ سوئے۔ کیسا یہ دُکھڑا دیا
سجن آجا درس دکھا جا
تیرے بن ڈوے جیا لوے پیا آجا
سب کے ساجن لوٹ کے آئے۔ یاد پیا کی مِری جان جلائے
روٹھے بلم تمہیں کون منائے
میں نے کیا قصور کیا پیا آجا سجن آجا ۔۔۔
کھینچ کے لائی تجھے دِل کی لگن میرے سجن
دیکھ کے تجھکو ہوئی آجا میرے پریت مگن
ناچے میرا تن پیا سنگ سنگ من پیا
جھوم رہا جیا میرے پیا آجا

نمبر ۹ کامنی

قسم تیری محبت کی تڑپ جینے نہیں دیتی
خوشی سے زہر بھی پی لوں مگر پینے نہیں دیتی

سہانی رات جب آئے مجھے تیرا خیال آئے
بھلایا کس لیے مجھکو یہی لب پر سوال آئے
پرانی یاد اب زخم جگر سینے نہیں دیتی قسم تیری
دکھاؤں کس طرح مچلے ہوئے ارماں تجھے دل کے
ذرا تو سامنے آجا کہ رولیں ہم گلے مل کے
جدائی کی یہ بے چینی تو اب جینے نہیں دیتی۔ قسم تیری

نمبر ۱۰ کامنی

وہ بھی ٹھکرا کے چلے جیتے تھے ہم جن کیلئے موت بھی آتی نہیں شاید اک دن کیلئے
چھین لے خوشیاں میری برباد کرتا جا مجھے
بے وفا جا اور بھی ناشاد کرتا جا مجھے۔ چھین لے
میری بربادی میں لکھی ہے اگر تیری خوشی
اور اک ٹھوکر لگا برباد کرتا جا مجھے ..... بے وفا جا
آسماں بجلی گرا دے آشیانے پر میرے
زندگی کی قید سے آزاد کرتا جا مجھے ..... بے وفا جا

نمبر ۱۱ کامنی

رو رو کے یہ لکھ دے آخری فسانہ
ہم کو نہ راس آیا یہ بے وفا زمانہ
ایسا بھی دن کسی کو تقدیر نہ دکھا دے
آنکھوں کے سامنے ہی جلتا ہو آشیانہ
تو آج زندگی سے ہم روٹھ کر چلے ہیں
کر نہ سکے گی دنیا اس دل کو اب نشانہ
ختم شد

فلمی پرستان

یہ وہ لاجواب کتاب ہے۔ جو زرکثیر خرچ کر کے تیار کرائی گئی ہے اسمیں ایک سو فلموں کے پورے گانے درج کیے گئے ہیں۔ فلمی گانوں کے شوقین احباب کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ اب آپکو کسی گانے کی تلاش میں در در بھٹکنا نہیں پڑیگا

قیمت صرف دو روپیہ آٹھ آنے محصولڈاک معاف

ثریا کی تان

فلمسٹار ثریا کے پچاس ہا فلموں میں گائے ہوئے گانوں کا شاندار مجموعہ جس کے ایک ایک بول پر سننے والا تڑپ اٹھتا ہے۔ نیز ان گانوں کو ایک بچہ بھی آسانی سے گا لیتا ہے۔ اگر آپ ابھی تک اس نایاب چیز سے محروم ہیں تو ایک کتاب ضرور طلب کریں

قیمت صرف ۱۔۱۰۔ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی